AkzoNobel

ایکزونوبیل پاکستان لمیٹڈ

# پانچویں سالانہ عمومی اجلاس کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ایکزونوبیل پاکستان لمیٹڈ کا پانچواں سالانہ عمومی اجلاس 26 اپریل 2016 بروز منگل کو صبح 10:30 بجے رجسٹرڈ آفس بمقام 346/فیروزپور روڈ لاہور میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور نمٹائے جائیں گے۔

۱) 28/اپریل 2015 کو منعقدہ چوتھے سالانہ عمومی اجلاس کے منٹس کی توثیق

۲) 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کے حسابات، آڈیٹرز اور ڈائریکٹر صاحبان کی رپورٹس کی وصولی اور ان پر غوروخوص

۳) ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کیلئے حتمی 65 فیصد کی شرح یعنی 6.5 روپے فی عام شیئر کے حساب سے 10 روپے کے ہر شیئر پر نقد ڈیویڈنڈ کا اعلان جو ان ممبران کو دیا جائے گا جن کے نام ممبرز رجسٹر میں بتاریخ 18 اپریل 2016 تک درج ہوں گے۔

۴) کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔

۵) مندرجہ ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کا درجہ دے کر اس پر غور اور مناسب محسوس ہونے پر اس کی منظوری:

اس عزم کا اظہار کیا جاتا ہے کہ کمپنی کی آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی شقوں میں ممبران کے ووٹ کے عنوان سے مندرجہ ذیل ترمیم کی جائے:

آرٹیکل آف ایسوسی ایشن سے قطع نظر اور متصادم شقوں کی مندرجات کے باوجود، الیکٹرانک ووٹنگ E Voting کیلئے وقتاً فوقتاً سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طے کردہ شقوں اور ضروریات کو ان شقوں میں شامل کیا جائے۔

اس کے علاوہ کوئی اور نقطہ چیئرمین کی اجازت کے ساتھ زیر بحث لایا جاسکتا ہے۔

5 اپریل، 2016

لاہور

بحکم بورڈ

ساراشاہ

کمپنی سیکریٹری

## نوٹس

**۱۔ حصص کی منتقلی کے کتب کی بندش:**

کمپنی کی منتقلی حصص کے کتب مورخہ 19 اپریل 2016 سے 26 اپریل 2016 (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گے۔ ٹرانسفیریز کو حتمی منافع ڈیویڈنڈ اور سالانہ اجلاس میں شرکت کا اہل بنانے کی غرض سے ہمارے شیئرز رجسٹرار کا دفتر، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، نزد ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی میں مورخہ 18 اپریل 2016 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیاں باضابطہ اور بروقت شمار کی جائیں گی۔

**۲۔ سالانہ عام اجلاس میں شرکت:**

تمام ارکان سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔ ایک ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کا اختیار رکھتا ہے وہ اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹنگ میں حصہ لینے کیلئے کسی پراکسی کو مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کیلئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کا ممبر ہو۔ ایک کارپوریٹ شناخت، بحیثیت رکن، اس بات سے قطع نظر کسی بھی شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے کہ وہ رکن ہے یا نہیں۔ ایک سے زیادہ کارپوریٹ شخصیات کی صورت میں کمپنی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز یا پھر پاور آف اٹارنی پراکسی کیلئے نامزدگی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جانا لازمی ہوگی۔ جس پر نمائندگی کیلئے نامزد کردہ شخص کے دستخط موجود ہوں اور یہ درج ہو کہ وہ کارپوریٹ شناخت کی طرف سے ووٹنگ میں حصہ لے گا۔ پراکسی حضرات کو اجلاس کے موقع پر اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پھر اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

**۳۔ پراکسی فارم**

اجلاس میں شرکت کیلئے ضروری ہے کہ پراکسی فارم مکمل پر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر 346/فیروزپور روڈ لاہور میں اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل جمع کروائے۔ پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔ پراکسی فارم پر دو گواہان کے نام، ان کے شناختی کارڈ نمبر اور دستخط ہونا لازمی ہے۔

**۴۔ اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کیلئے نوٹس:**

سیکورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مورخہ اپریل 2013ء کو جاری کردہ اپنے سرکلر (EMD/D-II/Misc/2009-1342) میں واضح کردیا ہے کہ ڈیویڈنڈ سرٹیفکیٹس کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کے بغیر جاری نہیں کیے جائیں گی۔ ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل شیئرز موجود ہیں اور انہوں نے اپنا شناختی کارڈ تاحال جمع نہیں کرایا، سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ نقول اور اپنا فولیو نمبر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو بھجوادیں۔ کمپنی شیئر ہولڈرز کو ان کے شناختی کارڈ کے بغیر ڈیویڈنڈ بھیجنے سے قاصر ہوگی۔

**۵۔ ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ 2015 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 میں چند ترامیم کی ہیں جن کے تحت کمپنیوں کی جانب سے ادا کیے جانے والے ڈیویڈنڈ میں سے ود ہولڈنگ ٹیکس کی مختلف شرح سے کٹوتی کی جائے گی۔ یہ ٹیکس ریٹ ذیل میں پیش کیے جارہے ہیں:

**۱۔ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کیلئے کٹوتی کی شرح ساڑھے 12 فیصد ہوگی۔**

**۲۔ انکم ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کیلئے ٹیکس کی کٹوتی کی شرح ساڑھے 17 فیصد ہوگی۔**

اول۔ ایسے شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر ایکٹیو ٹیکس پیئرز کی فہرست میں موجود نہیں ہیں لیکن وہ باقاعدگی کے ساتھ اپنا ٹیکس ریٹرن جمع کراتے ہیں وہ فوراً ایف بی آر کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں اپنے نام کا اندراج کرالیں تاکہ کمپنی ان کے نقد ڈیویڈنڈ سے 17.5 کی بجائے 12.5 فیصد ٹیکس منہا کرے۔

دوم۔ منافع کی آمدنی سے ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ صرف اسی صورت حاصل ہوسکے گا جب مجاز ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا پھر مجاز عدالت سے حکم امتناع کی نقل فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ میں کتب کی بندش کے پہلے روز پیش کی جائے۔

سوم۔ مزید برآں، ایف بی آر سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق جوائنٹ اکاؤنٹس ہونے کی صورت میں ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں اور ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والوں سے علیحدہ علیحدہ بنیادی شیئر ہولڈرز اور مشترک شیئر ہولڈرز کے الگ تناسب کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

| کمپنی کا نام | فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کل تعداد | اصل (پرنسپل) شیئر ہولڈر | | مشترکہ (جوائنٹ) شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

اس ضمن میں تمام شیئر ہولڈرز، جن کے پاس مشترک حیثیت سے شیئرز موجود ہیں، سے درخواست ہے کہ وہ بنیادی شیئر ہولڈرز اور مشترک شیئر ہولڈرز کے حصے کا تناسب ہمارے شیئرز رجسٹرار کے پاس مندرجہ ذیل طرز پر تحریری جمع کرائیں (اگر تاحال جمع نہیں کرایا):

مطلوبہ معلومات نوٹس ہذا کے اجراء کے 10 روز کے اندر ہمارے شیئر رجسٹرار کو موصول ہوجانا چاہئیں؛ بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ بنیادی اور مشترک شیئر ہولڈرز کے شیئرز کی تعداد یکساں ہے۔

چہارم۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے شرکاء کے ہمراہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی تجدید کرالیں۔ جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کمپنی کو یا پھر فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو اپنے این ٹی این کی نقل بھجوادیں۔ ایسے شیئر ہولڈرز اپنا نیشنل ٹیکس نمبر یا پھر این ٹی این سرٹیفکیٹ بھجواتے وقت اپنی کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو کا ضرور حوالہ دیں۔

کسی بھی مسئلے / سوال / معلومات کیلئے، سرمایہ کار حضرات کمپنی سیکریٹری کو فون نمبر 042-111551111 یا پھر ای میل sara.shah@akzonobel.com پر یا فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ فون نمبر 021-34380101 (پانچ لائنیں) پر یا پھر ای میل ایڈریس info.shares@famco.com.pk پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

**۶۔ برقی ذرائع سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (ای۔ مینڈیٹ)**

نقد ڈیویڈنڈ کے موثر طریقہ کار کو اپنانے کیلئے، سیکورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سرکلر نمبر SM/CDC/ 2008 (4)8 مورخہ 5/اپریل 2013 کے ذریعے برقی ذریعے سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے طریقہ کار کا اعلان کیا تھا جس کے تحت شیئر ہولڈرز الیکٹرانک طریقہ کار اختیار کرتے ہوئے اپنا ڈیویڈنڈ براہِ راست اپنے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں وصول کرسکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے انہیں کمپنی کو اس منتقلی کی اجازت دینا ہوگی۔ اسی طرح، سی ڈی سی ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس سی ڈی سی اکاؤنٹ نہیں ہے، سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کمپنی رجسٹرار کو بھجوادیں۔ شراکت داروں/ اسٹاک بروکرز یا پھر سی ڈی سی کے پاس شیئر رکھنے والے شیئر ہولڈرز سی ڈی سی یا پھر اپنے شرکاء/ اسٹاک بروکرز کو اس ضمن میں مینڈیٹ فراہم کریں۔

**۷۔ ای میل پر آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی:**

سیکورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے نوٹیفکیشن 2014/ (I) SRO 787 مورخہ 8/ستمبر 2014 کے ذریعے کمپنی کو اجازت دی ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو عمومی اجلاس کا نوٹس اور آڈٹ شدہ مالیاتی اکاؤنٹس بذریعہ ای میل ارسال کرسکتی ہے۔ لہٰذا ایسے ارکان جو چاہتے ہیں کہ انہیں سالانہ رپورٹ ای میل پر بھیجی جائے وہ اپنا ای میل ایڈریس کمپنی کو فراہم کریں۔ اس ضمن میں کمپنی کی ویب سائٹ www.akzonobel.com/pk/paints پر الیکٹرانک ترسیل کا اجازت نامہ فارم موجود ہے جسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

اس کے علاوہ درخواست موصول ہونے کے 7 روز کے اندر کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو آڈٹ شدہ مالیاتی رپورٹس کی ہارڈ کاپی مفت فراہم کرے گی۔

کمپنی نے سالانہ عمومی اجلاس سے 21 روز قبل سیکورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن 2014 / (1)SRO 634 مورخہ 10 جولائی 2014 کے مطابق اپنی ویب سائٹ پر مالیاتی گوشواروں اور رپورٹس فراہم کردی ہیں۔

**۸۔ پتہ کی تبدیلی اور زکواۃ کی عدم کٹوتی کا فارم:**

فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے کی تبدیلی کے متعلق فوری اطلاع دیں اور ساتھ ہی قابل اطلاق ہونے کی صورت میں زکواۃ کی عدم کٹوتی کیلئے فارم پر کر کے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو فراہم کریں۔ اس کے علاوہ، ایسے شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سی ڈی سی یا شراکتی اکاؤنٹس میں ہیں وہ بھی اپنے پتے کی تجدید کرالیں اور ساتھ ہی اطلاق ہونے کی صورت میں زکواۃ کی عدم کٹوتی کا فارم پر کر کے سی ڈی سی یا پھر اپنے شرکاء/ اسٹاک بروکرز کے پاس جمع کرائیں۔

**۹۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت:**

ممبران کراچی اور اسلام آباد میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ اس ضمن میں، سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک فارم پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت سے 10 روز قبل جمع کرائیں۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت کراچی اور اسلام آباد میں صرف ایسے ممبران کو فراہم کی جائے گی جن کے پاس مجموعی طور پر 10 فیصد یا پھر اس سے زیادہ شیئرز ہوں اور وہ 10 روز قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے عمومی سالانہ اجلاس میں شرکت کیلئے مطلع کریں۔

کمپنی اپنے ارکان کو ویڈیو کانفرنس کے مقام کے متعلق اجلاس سے 5 روز قبل آگاہ کرے گی اور ساتھ ہی انہیں اس سہولت سے استفادہ کرنے کیلئے تفصیلی معلومات بھی فراہم کرے گی۔

**۱۰۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے ضروری ہدایات:**

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کے حوالے سے رہنما اصولوں کی پیروی کرنا ہوگی اور سیکورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اپنے سرکلر نمبر اول مورخہ 26 جنوری 2000 کے مطابق اپنے پراکسی کا تقرر کرنا ہوگا۔

۱۱۔ اسٹیٹمنٹ انڈر سیکشن ۱۶۰ آف دی کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴

یہ اسٹیٹمنٹ ایکزونوبیل پاکستان کے پانچویں سالانہ اجلاس کے حوالے سے دی جارہی ہے جو بروز منگل ۲۶ اپریل ۲۰۱۶ کو منعقد کیا گیا ہے۔ جس میں خاص بزنس کی قرارداد دی جائے گی۔ اس اسٹیٹمنٹ کا مقصد کمپنی کے حوالے سے حقیقی مواد پر غور و غوص ہوگا۔ اس اسٹیٹمنٹ کے تحت کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کی منظوری سے اپنے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی ترمیم کرنے جارہی ہے جس کے تحت شیئرز ہولڈر کو ای ووٹنگ کی سہولت میسر ہوجائے گی۔